## سوال

(216) قرآن پاک واحادیث کا ترجمہ کر کے شائع کرنا ثابت وجائز ہے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن پاک واحادیث کا ترجمہ کر کے شائع کرنا ثابت وجائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز بلکہ ضروری ہے بدلیل قولہ تعالیٰ۔ وَمَا أَرْسَلْنَاکَ إِلَّا کَافَّةً لِّلنَّاسِ ۲۸ سورة سبا ''رسول اللہ ﷺ کی رسالت عام ہے'' اور تبلیغ ضروری ہے۔ اس سے قرآن پاک اور احادیث کا ترجمہ ہر زبان میں چاہیے۔ تاکہ تبلیغ کا کام پورا ہوسکے۔ اور فرمان رسول اللہ ﷺ بلغوا پر پورا عمل ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 160**

محدث فتویٰ